مورخہ 20 جولائی 2023

بحریہ انکلیو اسلام آباد

اہم سرکلر برائے مون سون

معزز رہائشی خواتین و حضرات!

سب سے پہلے ہم اپ کو بحریہ انکلیو میں رہائش پزیر ہونے پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ بحریہ انکلیو انتظامیہ کی ہمیشہ سے یہ خوائش رہی ہے کہ اپنے رہائشوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کی جائے۔ تا کہ بحریہ انکلیو میں آپ کا قیام پر سکون، آرام دہ اور محفوظ ہو۔ اس سلسے میں بحریہ انکلیو انتظامیہ اپ کی خدمت کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

1 جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ مون سون کا موسم ہے ان دنوں میں بارشیں معمول سے زیادہ ہوتی ہیں۔ جس وجہ سے بہت نقصانات ہوتے ہیں۔ لہذا ان نقصانات سے بچنے کے لئے بحریہ انکلیو انتظامیہ کی جانب سے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر ہیں جن پر عمل کر کے اپ خود کو اور اپنے پیاروں کو ممکنہ نقصانات سے بچا سکتے ہیں۔

2 متعدد بار رھائیشوں کو بتایا جا چکا ہے کسی بھی صورت میں بارش کے پانی کا اخراج سیورج کے مین ہول میں نہ کریں۔ بلکہ اس کا اخراج سڑک پر کریں یاد رہے کہ گلی میں پڑے ہوئے سیوریج کے پائپ کا قطر نو انچ ہے اور اگر گھر کے بارش کے پانی کو سیوریج لائن کے ساتھ جوڑ دیا گیا۔ تو اس صورت میں بارش کے پانی کا ایک بڑا حجم سیوریج لائن میں سے نہیں گز سکے گا۔ اور گھر کی طرف واپس یا سڑک میں موجود سیوریج کے مین ہول سے باہر نکل روڈ پر آجائے گا۔ اس سلسہ میں بحریہ انکلیو کے بائی لاز **2.1–24 سی** کا حوالہ دینا ضروری ہے۔ جس کے مطابق اپ بارش کا پانی سیوریج لائن میں نہیں ڈال سکتے۔ برائے کرم اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کریں اور اپ کے گھر کے بارش کے پائپ سیوریج لائن سے جڑے ہوئے ہیں تو انہیں فوری طور پر علیحدہ کر کے ان کا رخ سڑک کی طرف کر دیں۔

3 اس سلسے سے منسلک ایک اور مسلہ بیسمنٹ والے گھر کا ہے۔ بیسمنٹ والے گھر میں باتھ روم کا پانی اور گلیوں کے سیٹ بیک کا پانی سیپٹک ٹینک میں جمع ہوتا ہے۔ جس کا اخراج پمپ موٹر کے ذریعے سیوریج لائن میں کیا جاتا ہے۔ ہمارے مشاہدہ میں یہ بات آئی ہے کہ رہائشی اس موٹر کو چلالو حالت میں نہیں رکھتے اور ضرورت پڑنے پر یہ پمپ نہیں چلتے جس سے یہ پانی بیسمنٹ میں داخل ہو جاتا ہے اور شدید نقصان کا باعث بنتا ہے۔ اس لئے کم از کم دو پمپ لگوئیں تا کہ ایک کے خراب ہونے کی صورت میں دوسرا کام کر رہا ہو۔ مزید تسلی کر لیں کہ بارشی پانی کی نقاصی والا پائپ صاف ہو اور مٹی یا کچرا کی وجہ سے چوک نہ ہو۔ پانی کے بیک فلو سے بچنے کے لئے **نو ریٹرن والو لگائیں** تیز بارش کی صورت میں دیکھتے ہی دیکھتے پانی بیسمنٹ میں داخل ہو جاتا ہے۔ مزید یہ کہ سیپٹک ٹینک کو خالی کروئیں۔ تا کہ کسی بھی ہنگامی صورت میں ٹینک خالی ہو۔

4 بحریہ انکلیو میں موجود تمام ایسی سڑکیں جہاں پانی سیلاب کی صورت اختیار کرتا ہے وہاں جانے سے اجتناب کریں۔

5 برسات کے دوران برقی آلات مثلاً سٹریٹ لائٹ پول، الیکٹرک ڈی بی، ٹرانسفارمر، پانی کی موٹر کے قریب مت جائیں۔ اور اپنے جانوروں کو بھی ان کے قریب نہ جانے دیں۔

6 گھر سے باہر موجود ایسی جگہیں جہاں درخت اور بجلی کی تاریں گزر رہی ہوں۔ان کے نیچے کھڑے ہونے سے اجتناب کریں۔

7 اپنے گھروں اور پالازوں کی چھتوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں تا کہ پرنالوں میں کسی قسم کا کچرا جمع نہ ہو اور برسات کے دنوں میں با اسانی پانی پرنالوں سے بہ سکے۔

8 پلازوں میں موجود ریسٹورینٹ کے مالکان اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کچن میں موجود ویسٹ پانی کی لائن چکنائی کی وجہ سے بند نہ ہو۔

9 اپنے گھروں اور پلازوں میں موجود ڈرین سسٹم کے مین ہولز کو کور کر کے رکھیں تا کہ ان میں کچرا جمع نہ ہو۔بصورت دیگر ڈرین سسٹم بند ہو جائے گا۔

10 جو گھر یا پلازے زیر تعمیر ہیں۔ان کے مالکان خاص خیال رکھیں کہ بارشوں کے دنوں میں کوئی والو کھلا نہ رہے تا کہ ان کی دیوارں اور چھتوں کو نقصان نہ پہنچے۔

11 24/7 کمپلین ڈسک ان نمبرز 8487888 -051اور کنٹرول روم ان 2421052-051 پر آپ کی خدمت کے لئے موجود ہو گا۔

اوپر دیے گئے نقات کی روشنی میں رھائشیوں سے گزارش ہے کہ ان نقات پر سختی سے عمل کریں۔تا کہ کسی بھی قسم کے نقصان سے بچا جا سکے۔برسات کے اختتام تک کسی بھی ہنگامی صورت سے نمٹنے کے لئے میں ہماری ٹیم 24 گھنٹے موجود ہیں۔تا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لئے فوری پہنچا جا سکے۔

آپ کے تعاون کے طلبا گار

بحریہ انکلیو مینیجمنٹ

051-8487888